OPWDD کا ملازمں کی ٹریننگ کا پروگرام

معلومات برائے آجرین

روزگار کا تربیتی پروگرام کاروباری اداروں کی مدد کرتا ہے کہ وہ کاروبار کو نقصان پہنچائے بغیر معذوریوں کے حامل با صلاحیت اور بامہارت ملازمین کو ملازمت دے سکیں۔ یہ پروگرام کاروباری اداروں کو کامیاب ملازمین بننے کے تجربے اور مہارتوں کے حامل انٹرنز سے ملاتا ہے۔ OPWDD انٹرن کی اجرتوں کی ادائیگی ابتدائی تربیتی مدت کے دوران کرے گا، جس کے بعد وہ کاروباری ادارہ اس انٹرن کو ملازمت دے گا بشرطیکہ وہ ملازمت کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوں۔

روزگار کا تربیتی پروگرام کیسے کام کرتا ہے

- OPWDD انٹرنز کو گھنٹہ وار، عارضی ملازمین کے طور پر ادائیگی کرتا ہے۔انہیں ریاست نیو یارک میں ورکرز کمپنسیشن (Workers' Compensation) اور لائبیلٹی انشورنس (Liability Insurance) کے ذریعے احاطہ فراہم کیا جاتا ہے۔
- یہ انٹرن شپس جز وقتی اور محدود مدت کے لیے ہوتی ہیں جس کا تعین انٹرن اور کاروبار کی ضروریات پر کیا جاتا ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ کاروباری ادارے انٹرنز کو اس وقت ملازمت دے دیں گےجب وہ آجرین کے معیارات پر پورا اتریں گے۔
- روزگار کا تربیتی پروگرام ملازمت کی تیاری کے لیے باقاعدہ کلاسز فراہم کرتا ہے تاکہ انٹرنز کے کام اور سماجی مہارتوں میں استحکام لایا جا سکے۔
- جب انٹرنز کاروبار کے پے رول سے تنخواہ حاصل کرنا شروع کریں گے، اس وقت وہ مکمل تربیت یافتہ ہوں گے۔ جب کاروباری ادارہ انہیں ملازمت دے گا، تو انٹرنز ضرورت پڑنے پر اپنے کام کے گھنٹوں کو بڑھا سکیں گے۔

روزگار کا تربیتی پروگرام کاروباری اداروں کی درج ذیل سلسلوں میں مدد کر سکتا ہے:

- ممکنہ ملازمین کی تیاری
- بھرتی، ملازمت کی تربیت اور برقراریت کے حوالے سے پیسے کی بچت
- اپنی افرادی قوت کے تنوع میں اضافہ
- انٹرنز اور کاروباری اداروں کو پیشہ ورانہ، دوران ملازمت اعانت فراہم کرنا
- موجودہ آسامیوں کو بھرنا یا کاروبار کی نامکمل ضروریات کو پورا کرنا

وزر آج ہگاں‌ں‌م ی‌ی پروگرام‌یبرت ئیں کاج ول ہماش

- employment.vocational.services@opwdd.ny.gov پرک‌لم گری روزگار کے تربیتی پروگرام سے رابطہ کریں
- آپ کو روزگار کے تربیتی پروگرام کے ایک مقامی نگران کی جانب ریفر کیا جائے گا، جو آپ کے لیے آپ کے علاقے میں کسی خدمت فراہم کار ایجنسی کی شناخت کرے گا۔ وہ ایجنسی آپ کے کاروبار اور بھرتی کی ضروریات کے بارے میں جاننے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی۔
- وہ سروس فراہم کار آپ کے کاروبار کی ضروریات سے مطابقت رکھنے والا انٹرن تلاش کرے گا اور ایک کامیاب تجربے کے مقصد سے آپ کو اور انٹرن دونوں کو اعانت فراہم کرے گا۔

روزگار کے تربیتی پروگرام کی انٹرن شپس کی مثالیں

- تعاملاتی معاون
- سامان اور مال کا ایسوسی ایٹ
- کمپیوٹر کی مرمت کا تکنیکی فرد
- فلورل اینڈ گرین ہاؤس ورکر
- مراسلت اور ترسیل کا کلرک
- خوراک کی سروس کا عملہ
- مکینک اسسٹنٹ
- ریٹیل کلرک
- نگہداشت طفل کا معاونت کار
- ذاتی نگہداشت کا معاون
- نگہداشت طفل کا اسسٹنٹ
- مویشیوں کا ڈاکٹر یا مویشیوں کا نگہداشتی معاون
- اور مزید

NEW YORK STATE | Office for People With Developmental Disabilities